شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

12- نومبر 2021

پریس ریلیز

ملک میں داخلی سطح پر امن کو ترجیحِ اوّل حاصل ہونی چاہیے۔

لاہور(پ ر) ملک میں داخلی سطح پر امن کو ترجیحِ اوّل حاصل ہونی چاہیے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے **امیر شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ حکومت نے تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) سے مذکرات کا آغاز کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگرچہ شدید اختلافات اور بدترین خونریزی کے بعد بھی مذاکرات تو فریقین کو کسی نہ کسی سطح پر کرنے ہی پڑتے ہیں لیکن ٹی ٹی پی پر چونکہ پُرامن شہریوں اور معصوم بچوں کو شہید کرنے کا الزام بھی ہے لہٰذا حکومت اور حکومتی اداروں کو اِن مذاکرات میں بڑی احتیاط کرنا ہو گی اور جن شہریوں کے عزیز و اقارب اور معصوم بچے شہید ہوئے ہیں اُن کے جذبات کا بھی خیال رکھنا ہو گا۔ ٹی ٹی پی کو کھلے عام اُن متاثرین سے معافی مانگنا ہو گی اور آئندہ کے لیے یہ ضمانت فراہم کرنا ہو گی کہ وہ خود یا اُن کا کوئی بھی گروپ کسی بھی متشددانہ کارروائی میں کبھی ملوث نہ ہو گا اور نہ کبھی کسی بیرونی قوت سے کسی قسم کا رابطہ رکھے گا۔ اُنھوں نے کہا کہ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ حکومتی ادارے بھی ماضی میں اپنی طرف سے ہونے والی زیادتیوں پر اِظہارِ تاسف کریں۔ اُنھوں نے کہا کہ فریقین اگر اسلام کے سنہری اُصولوں سے انحراف نہ کرتے تو یہ تشدد اور خونریزی کبھی وقوع پذیر نہ ہوتی اور پاکستان بہت بڑے جانی اور مالی نقصان سے بچ جاتا۔ اُنھوں نے کہا کہ حکومتی اعلان کے مطابق ٹی ٹی پی سے یہ مذاکرات افغانستان میں ہوئے ہیں اور افغان طالبان نے اِن مذاکرات میں بڑا مثبت رول ادا کیا ہے۔ ہم پاکستان میں قیامِ امن کے حوالے سے افغان طالبان کے اِس رول پر اُن کے شکر گزار ہیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 12 November 2021

“Preserving peace in the country ought to be the utmost priority for the entire nation.”

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “Preserving peace in the country ought to be the utmost priority for the entire nation.”

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. While commenting on the commencement of dialogue by the government with the Tehrik-i-Taliban Pakistan (TTP), the Ameer noted that although conflicting parties do have to sit on the negotiation table at some stage, even after the worst violence and bloodshed, however, as the TTP is assumed to have been involved in the murder of innocent civilians and children, therefore the government and state institutions have to be very careful in these negotiations and the sentiments of those must be kept at the fore who have lost their children and loved ones as a result of the violence. TTP ought to openly apologize to victims of the violence and also provide guarantee that neither the TTP nor any of its affiliate groups would participate in any such militant and violent activities in the future, nor will they keep any form of contact with any foreign elements. It would be only fair that that the state institutions too express grief on any lapses done on their part in the past. The Ameer emphasized that had all parties not violated the pristine principles of Islam in their actions then violence and bloodshed of such magnitude would never had taken place and Pakistan would not have had to suffer a massive loss of life and property. According to government sources, this dialogue with TTP is taking place in Afghanistan and the Afghan Taliban have played a very positive role in these negotiations. The Ameer concluded by remarking that we are thankful to the Afghan Taliban for their role regarding preserving peace in our country.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan